# سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم 2024/2026
# (ستمبر 2026 میں سیکنڈری 1 میں داخلے کے لیے)
# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## سینٹرل ایلوکیشن کا طریق کار

**(1) سوال سینٹرل ایلوکیشن (CA) کے لیے معیار اور تفویضی طریقہ کار کیا ہیں؟**

جواب CA طالب علم کے ایلوکیشن بینڈ، والدین کی طرف سے اسکول کے انتخاب اور بے ترتیب نمبر پر ہوتی ہے۔
Part A میں "غیر محدود شدہ اسکول کے انتخاب" پر پہلے کارروائی کی جاتی ہے۔ Part A میں تمام طلباء کے اسکول کے انتخاب پر کارروائی کے بعد ہی، کمپیوٹر Part B میں "محدود شدہ اسکول کے انتخاب" پر کارروائی کرنا شروع کرے گا۔

Part A میں "غیر محدود شدہ اسکول کے انتخاب" پر کارروائی کرتے وقت، کمپیوٹر سب سے پہلے ٹیریٹری بینڈ 1 میں طلباء کو اسکول پلیسز ان کے اسکول کے انتخاب کی ترجیحی ترتیب کے مطابق تفویض کرے گا۔ ان تمام طلباء کے اسکول کے انتخاب کی اسکریننگ کے بعد، کمپیوٹر ٹیریٹری بینڈ 2 اور آخر میں ٹیریٹری بینڈ 3 کے طلباء کے اسکول کے انتخاب پر کارروائی کرنے کے لیے اسی طریقہ کار پر عمل کرے گا۔ Part A میں جگہ حاصل کرنے میں کامیاب طلباء کو Part B میں جگہ تفویض نہیں کی جائے گی۔ اگر کسی طالب علم کو Part A میں اسکول کی جگہ تفویض نہیں کی جاتی ہے جب کہ اس لڑکا/لڑکی کے تمام اسکول کے انتخاب ختم ہوگئے ہوں تو اس کے بعد، اس لڑکا/لڑکی کو Part B میں جگہ تفویض کی جائے گی۔

Part B میں "محدود شدہ اسکول کے انتخاب" پر کارروائی کرتے وقت، کمپیوٹر سب سے پہلے نیٹ بینڈ 1 میں طلباء کو ان کے اسکول کے انتخاب کی ترجیحی ترتیب کے مطابق اسکول پلیسز تفویض کرے گا۔ اگر نیٹ بینڈ 1 میں کسی طالب علم کو اسکول کی جگہ تفویض نہیں کی جا سکتی ہے یہاں تک کہ اس لڑکا/لڑکی کے تمام اسکول کے انتخاب ختم ہو گئے ہوں، کمپیوٹر اسے اسکول کے نیٹ میں باقی پلیسز سے جگہ تفویض کرے گا[1]۔ نیٹ بینڈ 1 کے تمام طلباء کو اسکول پلیسز تفویض کرنے کے بعد، کمپیوٹر نیٹ بینڈ 2 اور آخر میں نیٹ بینڈ 3 میں طلباء کے انتخاب پر کارروائی کرنے کے لیے اسی طریقہ کار پر عمل کرے گا۔

CA کے تفویض کرنے کے طریقہ کار کے لیے، والدین اپریل 2026 کے اوائل میں [EDB's Homepage](EDB's Homepage) پر اپلوڈ شدہ "سینٹرل ایلوکیشن پر والدین کے لیے نوٹس" سے رجوع کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، تفویض کرنے کے طریقہ کار سے متعلق متعلقہ ویڈیو مقررہ وقت میں [EDB's Homepage](EDB's Homepage) پر دستیاب ہو گی۔

**(2) سوال رینڈم نمبر کس کے لیے استعمال ہوتا ہے؟**

جواب سینٹرل ایلوکیشن پروگرام چلانے سے پہلے کمپیوٹر کے ذریعے رینڈم نمبر تشکیل دیا جاتا ہے۔ اس کا استعمال ایک ہی ایلوکیشن بینڈ کے اندر طلباء کی تفویض کی ترتیب کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اگر کسی مخصوص سیکنڈری اسکول کے اسکول کی جگہوں کی طلب رسد سے زیادہ ہو جاتی ہے تو، اسی ایلوکیشن بینڈ کے اندر ایک چھوٹا رینڈم نمبر رکھنے والے طالب علم کو پہلے جگہ تفویض کی جائے گی۔ رینڈم نمبر کا "طالب علم کے حوالہ نمبر" یا طالب علم کے ذاتی ڈیٹا سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ تفویضی طریقہ کار کے دوران، ہر طالب علم کو صرف ایک رینڈم نمبر تفویض کیا جائے گا۔ رینڈم نمبر تفویضی طریقہ کار مکمل ہونے کے بعد برقرار نہیں رکھا جائے گا۔

---

[1] ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم اسکولز اور ان اسکولز کو چھوڑ کر جن پر تصریح کی گئی ہو کہ "طلباء کو اس اسکول کے لیے تفویض نہیں کیا جائے گا جب تک کہ وہ اسے اپنے انتخاب میں شامل نہیں کرتے ہیں"۔

**(3) سوال اگر والدین نے ایک سیکنڈری اسکول کا انتخاب کیا ہے جو آخر کار اس تفویضی دور میں سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن (SSPA) سسٹم کے تحت سیکنڈری 1 (S1) پلیسز پیش نہیں کرتا ہے تو، اسکول کے انتخاب پر کیسے عمل کیا جائے گا؟**

جواب اگر والدین نے ایک سیکنڈری اسکول کا انتخاب کیا ہے جو آخر کار اس تفویضی دور میں SSPA System کے تحت S1 پلیسز پیش نہیں کرتا ہے تو، اسکول کے انتخاب پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔ تفویض کرنے کے طریقہ کار کے دوران، کمپیوٹر متعلقہ اسکول کے انتخاب (انتخابات) کو چھوڑ دے گا اور اسکول کے بعد کے انتخاب (اگر کوئی ہے) کو سیکنڈری ون چوائس آف اسکولز فارم (چوائس فارم) میں پیش کرے گا۔

## سینٹرل ایلوکیشن میں انتخاب سازی کی مشق

**(4) سوال CA کے لیے اسکول کے انتخاب کی دستاویزات (بشمول چوائس فارم) تقسیم کرنے کے کیا انتظامات ہیں؟**

جواب EDB اپریل 2026 کے اوائل میں مندرجہ ذیل انتخاب سازی کی دستاویزات تقسیم کرے گا:

- "سینٹرل ایلوکیشن پر والدین کے لیے نوٹس"؛
- "غیر محدود شدہ اسکول کے انتخاب کے لیے ہینڈ بک"؛
- ہر اسکول نیٹ کی "سیکنڈری اسکول لسٹ"؛ اور
- "سیکنڈری ون چوائس آف سکولز فارم"؛

مختلف والدین کی ضروریات کی تکمیل کے لیے، EDB پرائمری اسکولز کے ذریعے پیپر چوائس فارمز ان والدین کو تقسیم کرے گا جنہوں نے اپریل 2026 کے اوائل میں SSPA e-platform (eSSPA) پر ڈسکریشنری پلیسز (DP) کی درخواستیں جمع نہیں کرائی ہیں۔ وہ CA درخواستیں eSSPA کے ذریعے یا کاغذی صورت میں جمع کرانے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اگر والدین نے eSSPA کے ذریعے DP درخواستیں جمع کرائی ہیں تو، انہیں اپنی CA درخواستیں جمع کرانے کے لیے eSSPA کا استعمال جاری رکھنا ہو گا۔

**(5) سوال چوائس فارم پُر کرتے وقت والدین کو کن دستاویزات سے رجوع کرنا چاہیے؟**

جواب چوائس فارم کو پُر کرتے وقت، والدین کو متعلقہ اسکول نیٹ کی "سینٹرل ایلوکیشن پر والدین کے لیے نوٹس"، "غیر محدود شدہ اسکول کے انتخاب کے لیے ہینڈ بک" اور "سیکنڈری اسکول لسٹس" سے رجوع کرنا چاہیے۔

"سینٹرل ایلوکیشن پر والدین کے لیے نوٹس"

- اپریل 2026 کے اوائل میں EDB's Homepage اور eSSPA پر اپلوڈ کیے جائیں گے۔

" غیر محدود شدہ اسکول کے انتخاب کے لیے ہینڈ بک"

- اپریل 2026 کے اوائل میں EDB's Homepage اور eSSPA پر اپلوڈ کی جائے گی، اور EDB کا 24 گھنٹے کا خودکار ٹیلی فون انکوائری سسٹم 2891 0088 پر (دبائیں 2 (English) < 6 (فیکس کے ذریعے معلومات کی درخواست کریں) < 4 (سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم: اسکول لسٹس))

"سیکنڈری اسکول لسٹ"

- وہ اپریل 2026 کے اوائل میں اپنے بچوں کے پرائمری اسکولز میں شرکت کے ذریعے متعلقہ اسکول نیٹ کی "سیکنڈری اسکول لسٹ" حاصل کریں گے۔
- وہ EDB's Homepage یا eSSPA پر تازہ ترین آن لائن ورژن کو براؤز بھی کر سکتے ہیں۔

**(6) سوال چوائس فارم کی جمع آوری کے لیے آخری تاریخ کب ہے؟**

جواب وہ والدین جنہوں نے eSSPA کے صارفین کے طور پر اندراج کیا ہے اور اپنے اکاؤنٹ کو " iAM Smart+"[2] سے منسلک کیا ہے وہ 9 اپریل اور 6 مئی 2026 کے مابین eSSPA کے ذریعے CA درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ والدین کو مئی 2026 کے اوائل تک EDB میں جمع کروانے کے لیے

[2] "iAM Smart" "+ رجسٹریشن/ "iAM Smart+" میں اپگریڈ کرنے کی تفصیلات کے لیے، براہ مہربانی "iAM Smart" ویب سائٹ ملاحظہ کریں (https://www.iamsmart.gov.hk/en/) (منتخب کریں: Home > "iAM Smart" Registration > Registration Methods).

اپنے بچوں کے پرائمری اسکول میں مکمل شدہ الیکٹرانک یا پیپر چوائس فارم واپس کرنا ضروری ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ ایک ہی بچے کے لیے شریک پرائمری اسکول میں eSSPA کے ذریعے اور کاغذی صورت میں دہری درخواستیں جمع نہ کرائیں۔

**(7) سوال چوائس فارم پر اسکول کے انتخاب کو پُر کرتے وقت والدین کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟**

جواب والدین کو پُر زور مشورہ دیا جاتا ہے کہ اسکول کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لیں، یسا کہ ان کا تعلیمی فلسفہ، روایت، مذہب، طبقاتی ڈھانچہ، ترقی اور امور، اور اپنے بچوں کی خصوصیات، شخصیت، صلاحیتوں اور دلچسپیوں پر غور کرنا چاہیے تاکہ اسکول کے انتخاب میں موزونیت لائی جا سکے۔


چوائس فارم کو Part A اور Part B میں تقسیم کیا گیا ہے۔ Part A کے "غیر محدود شدہ اسکول کے انتخاب" کے لیے، والدین زیادہ سے زیادہ کسی بھی اسکول نیٹ، بشمول اپنے بچوں کے اسکول نیٹ کے اسکولز سے، تین سیکنڈری اسکولز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ جہاں تک Part B کے "محدود شدہ اسکول کے انتخاب" کا تعلق ہے تو، والدین کو چاہیے کہ وہ اس اسکول نیٹ سے جس سے ان کے بچے تعلق رکھتے ہیں کو اپنی اسکولز کی ترجیحی ترتیب کے مطابق پُر کریں اور جہاں تک ممکن ہو 30 انتخابات کو پُر کریں۔ اگر انہوں نے Part A میں جن سیکنڈری اسکولز کی نشاندہی کی ہے وہ بھی ان کے بچوں کے اسکول نیٹ میں موجود ہیں تو، وہ ان اسکولز کو Part B میں شامل کر سکتے ہیں۔

تاہم، والدین کو ایک ہی حصے میں ایک ہی اسکول کا بار بار انتخاب نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس سے ان کے بچوں کو ان اسکولز کی تفویض کے موقع بڑھنے کے امکانات زیادہ نہیں ہوتے۔

**(8) سوال کیا والدین کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ CA مرحلے میں چوائس فارم کو مکمل کریں اگر ان کے بچوں کو SSPA System میں شریک سیکنڈری اسکولز کی جانب سےکامیاب DP درخواست گزاران کے طور پر اطلاع موصول ہوئی ہو؟**

جواب طالب علموں نے شریک سیکنڈری اسکول (بشمول Jockey Club Ti-I College) کے DP کے لیے درخواست دی ہے یا نہیں، انہیں مئی 2026 کے اوائل تک مکمل شدہ چوائس فارم eSSPA کے ذریعے یا کاغذی صورت میں پرائمری اسکولز کے ذریعے EDB کو واپس کرنا ہو گا۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ اگر وہ ان اسکولز میں اپنی درخواست دینے میں کامیاب نہیں ہوئے ہیں، انہیں پھر بھی CA میں ایک S1 جگہ مختص کی جائے گی۔

ایسے طلباء کے لیے جنہیں حصہ لینے والے اسکولز نے کامیاب DP درخواست گزاران کے طور پر مطلع کیا ہے، یا Jockey Club Ti-I College یا ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم سیکنڈری اسکول نے SSPA System (NDSS سیکنڈری اسکول) میں حصہ نہیں لیا ہے تو، براہ مہربانی "اسکولز کے سیکنڈری ون چوائس فارم پر اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے" کو منتخب کریں(براہ مہربانی نیچے دی گئی ڈایاگرام سے رجوع کریں) تاکہ Part A اور Part B میں اسکول کے انتخاب کے حصوں کو چھوڑ پائیں، اور eSSPA کے ذریعے چوائس فارم کی تصدیق اور جمع کرانے کے ساتھ ساتھ "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر دستخط کریں۔


Apply for Central Allocation

Make school choices on the Secondary One Choice of Schools Form

Do NOT need to make school choices on the Secondary One Choice of Schools Form as the child has been notified as successful Discretionary Places applicant or admitted by Direct Subsidy Scheme secondary schools not participating in the SSPA System (i.e. give up participating in Central Allocation)

Do NOT need to be allocated a subsidised S1 place through the SSPA System (i.e. give up participating in the SSPA System)

پیپر چوائس فارم جمع کروانے والے والدین کے لیے، براہ مہربانی چوائس فارم پر "اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے" کو منتخب کریں، اسکول کے انتخاب کے حصے کو کراس آؤٹ کریں،

اور رابطہ کی معلومات کو پُر کرنے کے بعد چوائس فارم پر دستخط کریں تاکہ یہ بتا پائیں کہ انہیں اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے (براہ مہربانی نیچے دی گئی ڈایاگرام سے رجوع کریں)۔



請在以下其中一個空格內填上 √ 號： Please tick one of the boxes below:

☐ 需要填寫選校部分（請填寫本表格甲部及乙部的學校選擇）
Make school choices (Please fill in the school choices in Part A and Part B on this form)

☑ 不需要填寫選校部分，因學生已獲參加派位中學通知為自行分配學位正取學生，或已獲賽馬會體藝中學或不參加派位的直接資助計劃中學錄取（即放棄參加統一派位）
Do NOT need to make school choices as the student has been notified as successful Discretionary Places applicant, or has been admitted by Jockey Club Ti-I College or Direct Subsidy Scheme secondary schools not participating in the Secondary School Places Allocation System (i.e. give up participating in Central Allocation)

☐ 不需要透過中學學位分配辦法獲分配資助中一學位（例如學生將離港升學）（即放棄參加派位）
Do NOT need to be allocated a subsidised Secondary 1 place through the Secondary School Places Allocation System (for example, the student will study outside Hong Kong) (i.e. give up participating in the Secondary School Places Allocation System)

甲部 Part A 不受學校網限制的學校選擇 Unrestricted School Choices

任何學校網的學校，包括學生所屬學校網。請參閱《不受學校網限制選校手冊》，並依選擇的優先次序填上學校編號。電腦會先處理甲部的學校選擇。
ANY school nets, including the student's school net. Please refer to the "Handbook for Unrestricted School Choices" and enter below the School Codes in order of preference. The school choices in Part A will be processed first.

| 第一選擇 First Choice | 第二選擇 Second Choice | 第三選擇 Third Choice |
|---|---|---|
| 學校編號 School Code | 學校編號 School Code | 學校編號 School Code |

乙部 Part B 按學校網的學校選擇 Restricted School Choices

學生所屬學校網 Student's School Net: HK2

請參閱學生所屬學校網的《中學一覽表》，並依選擇的優先次序填上網內的學校編號。學生如未獲分配甲部選填的學校，電腦便會處理乙部的學校選擇。
Please refer to the "Secondary School List" and enter below the School Codes within student's school net in order of preference. The school choices in Part B will be processed if students are not allocated school places in Part A.

| 選擇次序 Order of Preference | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 學校編號 School Code | | | | | | | | | | |

| 選擇次序 Order of Preference | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 學校編號 School Code | | | | | | | | | | |

| 選擇次序 Order of Preference | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 學校編號 School Code | | | | | | | | | | |

本人聲明，表內所選填的學校為本人閱讀《統一派位家長須知》後自願填寫的。I certify that I have read the "Notes for Parents on Central Allocation" and I have made the above choices at my own will.

本人同意教育局透過電話短訊形式(SMS)通知學生的派位結果予本人。本人可接收 SMS 的手提電話號碼已填寫在右邊的方格內（如不同意接收 SMS 請留空此方格）。Consent is given for the Education Bureau to inform me of the allocation results of the student via SMS message. My mobile phone number which can receive SMS is provided in the box on the right (please leave the box blank if you do not wish to receive SMS) 9866 XXXX

家長/監護人簽署 Signature of Parent/Guardian: Chan T M　聯絡電話 Contact Tel. No. 9866 XXXX　日期 Date XX/XX/2026

家長/監護人姓名（請用正楷填寫）Name of Parent/Guardian (In BLOCK Letters): 陳大文

住址 Home Address: 香港XX道XX號XX大廈XX樓XX室

EDB 140　SO 307

اگر والدین "اسکول کے انتخاب کریں" کو منتخب کرتے ہیں، لیکن اسکول کا کوئی انتخاب نہیں کرتے ہیں، اور طلباء کو نہ تو DP مرحلے پر اسکول کی جگہ مختص کی جاتی ہے، اور نہ ہی Jockey Club Ti-I College/NDSS سیکنڈری اسکولز کے ذریعہ داخلہ دیا جاتا ہے، طلباء کو قائم کردہ مختص طریق کار کے مطابق اسکول پلیسز مختص کی جائیں گی۔

**<u>ایلوکیشن بینڈز</u>**

**(9) سوال ایلوکیشن بینڈز کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ وہ کس لیے استعمال ہوتے ہیں؟**

جواب طلباء کو ان کے سکیلڈ internal assessment (IA) کے نتائج کے مطابق ان کے ایلوکیشن بینڈز ملتے ہیں۔ طلباء کے IA کے نتائج پرائمری 5 (P5) کے آخر میں، اور دونوں سال کے وسط میں اور P6 کے آخر میں معیار کے لیے جانچیں جائیں گے، اور اسکول کے 2018 اور 2024 کے Pre-Secondary One Hong Kong Attainment Test (Pre-S1 HKAT) کے نمونے کے نتائج کی اوسط سے ماپے جائیں گے۔ ان اسکولز کے لیے جن کے پاس Pre-S1 HKAT سال 2018 یا 2024 کے نمونے کے نتائج نہیں ہیں (مثلاً ایک نیا شریک اسکول) ہو تو، اسی سال اسی اسکول نیٹ کے اندر تمام شریک پرائمری اسکولز کے اوسط Pre-S1 HKAT نتائج کو اسکیلنگ ٹول کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

Part A میں CA کے "غیر محدود شدہ اسکول انتخاب" میں اسکول پلیسز تفویض کرنے کے لیے، علاقے میں تمام طلباء کے سکیل کردہ نمبروں کو میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلباء کو یکساں طور پر تین ٹیریٹری بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا، جو ہر ایک علاقے میں پرائمری طلباء کی کل تعداد کی ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔ جہاں تک Part B میں CA کے "محدود شدہ اسکول کے انتخاب" میں اسکول پلیسز کی تفویض کا تعلق ہے تو، ایک ہی اسکول کے نیٹ کے اندر تمام طلباء کے سکیلڈ مارکس کو میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلباء کو یکساں طور پر تین نیٹ بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا، جو ہر ایک اسکول نیٹ میں پرائمری طلباء کی کل تعداد کی ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔

جبکہ ٹیریٹری بینڈ اور نیٹ بینڈ کا استعمال بالترتیب CA کے Part A میں "غیر محدود شدہ اسکول کے انتخاب" اور CA کے Part B میں "محدود شدہ اسکول کے انتخاب" کے لیے طالب علم کی تفویض کی ترتیب کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے، یہ P6 طلباء کی تعلیمی کارکردگی کا اندازہ لگانے کے لیے قطعی معیار نہیں ہیں۔ تفویض کرنے کا طریقہ کار مکمل ہونے کے بعد، انفرادی طلباء کا ایلویکشن بینڈ برقرار نہیں رکھا جائے گا۔

**<u>براہ مہربانی نوٹ کریں کہ، موجودہ طریقہ کار کے تحت، SSPA میں شریک تمام پرائمری اسکولز کے اپنے طلباء کے IA کے نتائج P5 کے آخر میں اور سال کے وسط میں اور P6 کے آخر میں جمع کرانے کے بعد، کمپیوٹر IA نتائج کو مندرجہ بالا سکیلنگ میکانزم کے ذریعے ایڈجسٹ کر دے گا۔ سینٹرل ایلوکیشن کمپیوٹر پروگرام ٹیریٹری میں اور انفرادی اسکول نیٹ کے اندر شریک طلباء کی تعداد کو حتمی شکل دینے کے بعد چلے گا۔ لہٰذا، طلبہ کا ٹیریٹری بینڈ اور نیٹ بینڈ صرف اس وقت طے کیا جا سکتا ہے جب کمپیوٹر کی ایلوکیشن کا پراسس شروع ہو۔ دیگر الفاظ میں، انفرادی طلباء کے ایلوکیشن بینڈ کا صرف ان کے مارکس/میرٹ کی ترتیب اور اسی اسکول کے سابقہ گرویوں کے طلباء کی تعلیمی کارکردگی کی بنیاد پر درست اندازہ لگانا ناممکن ہے۔ طلباء کا اصل ایلوکیشن بینڈ اسکولز یا والدین کے تخمینوں سے مختلف ہوسکتا ہے۔ متعلقہ اسکول کے انتخاب کی معلومات کا حوالہ دیتے وقت والدین کو ہوشیار رہنا چاہیے۔</u>**

سکیلنگ میکانزم اور ایلوکیشن بینڈز سے متعلق متعلقہ ویڈیو مقررہ وقت پر EDB's Homepage پر دستیاب ہو گی۔

**(10) سوال اگر کسی طالب علم کے لیے کراس نیٹ ایلوکیشن کی منظوری دی جاتی ہے تو، نئے اسکول نیٹ میں اس کے نیٹ بینڈ کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ کیا اس کے ٹیریٹری بینڈ میں کوئی تبدیلی آئے گی؟**

جواب کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے منظور شدہ طالب علم کے لیے، اس لڑکا/لڑکی کے اپنے یعنی اس لڑکا/لڑکی کے اصل اسکول نیٹ میں اسکول میں حاصل کیے ہوئے سکیلڈ مارکس کا موازنہ نئے اسکول نیٹ میں طلباء کے اسکیل کردہ نمبروں سے کیا جائے گا تاکہ تعین ہو سکے کہ وہ لڑکا/لڑکی کس نیٹ بینڈ سے تعلق رکھتا یا رکھتی ہے۔ **<u>دوسرے لفظوں میں، نئے اسکول نیٹ میں طالب علم کا نیٹ بینڈ اس کے اصل اسکول نیٹ میں موجود نیٹ بینڈ سے مختلف ہو سکتا ہے۔</u>** جہاں تک طالب

علم کے ٹیریٹری بینڈ کا تعلق ہے، اسے منظور شدہ کراس نیٹ ایلوکیشن کی وجہ سے تبدیل نہیں کیا جائے گا۔

**اسکول نیٹ**

**(11) سوال اسکول نیٹ کیا ہے؟ سیکنڈری اسکول نیٹس کی حد بندی کیسے کی جاتی ہے؟**

جواب ضلعی انتظامیہ کی حدود کے مطابق، پورے علاقے کو اسکول پلیسز کی الاٹمنٹ کے لیے 18 سیکنڈری اسکول نیٹس میں تقسیم کیا گیا ہے کیونکہ Part B میں CA اسکول نیٹ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ہر اسکول نیٹ بنیادی طور پر ضلع میں واقع تمام شریک پرائمری اور سیکنڈری اسکولز کے ساتھ ساتھ دیگر اضلاع کے سیکنڈری اسکولز کے متعدد S1 مقامات پر مشتمل ہوتا ہے تاکہ انفرادی اسکولز/اسکول نیٹس کی صورتحال کو پورا کرنے کے لیے نیٹنگ کے انتظامات ہوں۔ طلب اور رسد کی صورت حال کے مطابق دیگر اضلاع سے فراہم کردہ سیکنڈری اسکولز اور اسکول پلیسز کی تعداد سال بہ سال مختلف ہوسکتی ہے۔ موجودہ پالیسی کے مطابق، ان طلباء کے علاوہ جن کی کراس نیٹ ایلوکیشنز کرنے کی درخواستیں منظور کی گئی ہیں، اصولی طور پر، سیکنڈری اسکول نیٹ جس سے طالب علم کا تعلق ہے اس کا تعین طالب علم کے پرائمری اسکول کے جسمانی مقام سے ہوتا ہے، نہ کہ اس ضلع سے جہاں طالب علم رہتا ہے۔

**(12) سوال اسکول نیٹس کا انتظام کیسے کیا جاتا ہے؟**

جواب پبلک سیکٹر S1 پلیسز کی فراہمی کا منصوبہ پورے علاقے کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ یہ دیکھتے ہوئے کہ انفرادی اضلاع میں اسکول پلیسز کی طلب اور رسد میں سال بہ سال تبدیلیاں ہوسکتی ہیں، سو اس طلب کو پورا کرنے کے لیے S1 پلیسز کی مناسب فراہمی کو یقینی بنانے اور والدین کو مزید انتخاب فراہم کرنے کے لیے، S1 پلیسز کو دیگر اضلاع سے سیکنڈری اسکولز اور/یا اسکول پلیسز کی کم تعداد والے اضلاع میں نیٹ لگانا ایک طویل عرصے سے قائم کردہ انتظام ہے جو توازن برقرار رکھ سکتا ہے اور مختلف اسٹیک ہولڈرز کے تحفظات اور ضروریات کو پورا کرسکتا ہے۔ نیٹ لگانے کے انتظامات کرتے وقت، EDB مختلف اضلاع میں اسکول پلیسز کی طلب اور رسد، اسکولز کی ٹائپ کی تقسیم، اسکولز کے محل وقوع اور متعلقہ نقل و حمل کی سہولیات کے ساتھ ساتھ S1 پلیسز کے قائم کردہ نیٹنگ پیٹرن جیسے عوامل کی ایک باسکٹ کو بھی مدنظر رکھتا ہے۔ EDB، اس SSPA Committee کے مشورے سے، SSPA System کے تحت انتظامات کے متعلق اسٹیک ہولڈرز کے خیالات پر غور کرنے کے بعد متعلقہ سال کے نیٹنگ کے انتظامات کو تشکیل دے گا۔

دیگر اضلاع سے فراہم کردہ سیکنڈری اسکولز اور اسکول پلیسز کی تعداد طلب اور رسد کی صورتحال کے مطابق سال بہ سال مختلف ہو سکتی ہے۔ والدین کو متعلقہ دور کے لیے نیٹنگ کے انتظامات کے لیے EDB کے ذریعے ہر سال تقسیم کی جانے والی "سیکنڈری اسکول لسٹس" سے رجوع کرنا چاہیے۔

**(13) سوال کیا اپریل 2026 میں شروع ہونے والے CA کے متعلقہ دستاویزات میں دکھائے گئے DP مرحلے کے بعد غیر استعمال شدہ اسکول پلیسز کی تعداد کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا تاکہ CA مرحلے پر والدین کے اسکول کے انتخاب میں آسانی ہو؟**

جواب موجودہ SSPA mechanism کے تحت، DP مرحلے پر، بعض طلباء دو شریک سیکنڈری اسکولز سے اپنی کامیاب DP درخواستوں کی اطلاعات وصول کر سکتے ہیں اور انہیں آخر کار ان کی پہلی پسند کے اسکولز میں تفویض کیا جائے گا، جس سے ایک اسکول کی جگہ دستیاب ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ، بعض کامیاب درخواست گزاران اپنے لیے تفویض شدہ DP کو چھوڑ سکتے ہیں اور NDSS سیکنڈری اسکولز کی جانب سے پیش کردہ پلیسز کو قبول کر سکتے ہیں۔ ان کامیاب DP درخواست گزاران کے لیے تفویض پلیسز بھی دستیاب کر دی جائیں گی۔ یہ پلیسز ریزرو درخواست گزاران کے لیے مختص کر دی جائیں گی، اور باقی پلیسز (اگر کوئی ہوں) CA کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ CA سے متعلق دستاویزات کو اپریل 2026 میں والدین میں تقسیم کرنے کے لیے مارچ 2026 میں پرنٹ کرنا ہو گا۔ اس لیے سخت شیڈول کی وجہ سے متعلقہ اسکول پلیسز کی تعداد کو اپ ڈیٹ کرنا ممکن نہیں ہے۔

**(14) سوال کراس نیٹ ایلوکیشن کیا ہے؟**

جواب CA کے Part B کے لیے اسکول پلیسز کی ایلوکیشن اسکول نیٹ کے ذریعے کی جاتی ہے اور اسکول نیٹ جس سے طالب علم کا تعلق ہے اصولی طور پر اس پرائمری اسکول کا اسکول نیٹ ہوتا ہے جس میں وہ لڑکا/لڑکی زیر تعلیم ہے۔ اگر کسی طالب علم کو خاص وجوہات کی بنا پر، اسکول نیٹ تبدیل کرنے کی حقیقی ضرورت ہوتی ہے تو، والدین اپنے بچے کے موجودہ پرائمری اسکول کے ذریعے فروری 2026 کے آخرسے قبل EDB کو مربوط ثبوتی دستاویزات کے ساتھ کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ وہ والدین جنہوں نے eSSPA صارفین کے طور پر رجسٹر کیا ہو اور اپنے اکاؤنٹ کو "iAM Smart+" سے منسلک کیا ہو، وہ eSSPA کے ذریعے کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست جمع کر سکتے ہیں۔ مختلف والدین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، کاغذی Application Form قبول کیے جاتے رہیں گے۔ والدین کو ایک ہی بچے کے لیے eSSPA کے ذریعے اور کاغذی صورت میں ڈپلیکیٹ درخواستیں جمع نہیں کروانی چاہئیں۔ پرائمری اسکول مزید کارروائی کے لیے درخواست کے دستاویزات کی تمام تصدیق شدہ کاپیاں EDB کو بھیجے گا۔ اگر طالب علم کی اسکول نیٹ کے لیے کراس نیٹ ایلوکیشن کی منظوری دی جاتی ہے جس پر اس لڑکے/لڑکی کا Hong Kong کا رہائشی پتہ ہے (یعنی ایک سکونتی جگہ جہاں درخواست گزار طالب علم رہتا ہے اور جو موجودہ تفویضی دور میں اس لڑکے/لڑکی کا واحد یا مرکزی گھر ہے) سے تعلق رکھتا ہے، تو وہ لڑکا/لڑکی نئے اسکول نیٹ میں CA کے Part B میں حصہ لے گا۔

**(15) سوال درخواست دینے والے طالب علم کے رہائشی پتے کا اعلان کرتے وقت والدین کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے اور اگر وہ کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو وہ کیا متعلقہ ثبوتی دستاویزات فراہم کریں؟**

جواب والدین کو نوٹ کرنا چاہیے کہ درخواست دینے والے طالب علم کا رہائشی پتہ موجودہ تفویضی دورمیں Hong Kong میں اس لڑکے/لڑکی کا واحد یا اصل رہائش کا مقام ہونا چاہیے، یعنی وہ رہائش گاہ جہاں درخواست گزار طالب علم رہائش پذیر ہے اور جو اس لڑکے/لڑکی کا واحد یا مرکزی گھر ہے۔ Hong Kong کے قابل قبول رہائشی پتے کی ثبوت شدہ دستاویزات میں مہر لگا ہوا کرایہ داری کا معاہدہ، شرحوں اور/یا سرکاری کرایہ کے لیے ڈیمانڈ نوٹ، پبلک ہاؤسنگ اتھارٹیز کی طرف سے جاری کردہ کرایہ داری معاہدہ یا کرایہ دار کا کرایہ کارڈ، رہائشی ٹیلی فون/ہوم براڈ بینڈ بل، اور مختلف یوٹیلیٹی کمپنیز کے بل، جیسے Towngas، پاور کمپنیز، Water Supplies Department، وغیرہ۔ دیگر دستاویزات جیساکہ بینک اسٹیٹمنٹس، موبائل فون بلز، کورٹ کے سمن اور ٹیکس ڈیمانڈ نوٹس قبول نہیں کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، والدین (یعنی ادا کنندہ) کا نام اور پتہ Hong Kong کے رہائشی پتے کی ثبوت شدہ دستاویز پر طبع کیا جانا چاہیے۔

**(16) سوال کیا والدین اپنی پہلے سے جمع شدہ DP درخواست(درخواستیں) اپنی کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے منسوخ کر سکتے ہیں؟ کیا انہیں CA مرحلے پر چوائس فارم پُر کرنا ہو گا؟**

جواب موجودہ SSPA mechanism کے تحت، طلباء اپنی ایک یا دونوں DP درخواستوں کو منسوخ کر سکتے ہیں اگر انہیں کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینے کی ضرورت پڑے، اور متعلقہ سیکنڈری اسکول (اسکولز) اس ضلع میں واقع نہیں ہونا چاہیے جس کے لیے انہوں نے درخواست دی ہے۔ اس صورت میں، اگر طلباء کو کامیاب درخواست گزاران کے طور پر مطلع کیا گیا ہے تو، متعلقہ DP خود بخود منسوخ ہو جائے گا۔ اگر شریک سیکنڈری اسکولز کے ذریعے پیش کردہ تمام DP کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے منسوخ کر دیے گئے ہیں تو، متعلقہ والدین کو چوائس فارم پُر کرنا ہو گا تاکہ ان کے بچے CA میں شریک ہو سکیں۔ اگر متعلقہ والدین چوائس فارم پر اسکول کا کوئی انتخاب نہیں کرتے ہیں اور متعلقہ طلبہ کو NDSS سیکنڈری اسکولز میں سے کسی کی

جانب سے اسکول کی جگہ کی پیشکش نہیں کی جاتی ہے تو، متعلقہ طلبہ کو مقررہ تفویضی طریق کار کے مطابق اسکول کی جگہ تفویض کی جائے گی۔

اسکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن
ایجوکیشن بیورو
ستمبر 2025